21895 ـ بيت الخلاء ميں وضوء كرتے وقت بسم الله پڑھنا

سوال

كيا مسلمان شخص كے ليے قضائے حاجت كے بعد بيت الخلاء ميں وضوء كرتے وقت بسم الله پڑھنى جائز ہے، يا وہ باہر نكل كر بسم الله پڑھے اور پھر اندر داخل ہو كر وضوء كرے، (كيونكہ بسم الله كے بغير وضوء نہيں ہوتا) اور كيا ميں دوران غسل الله كا نام لے سكتى ہوں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

شيخ ابن عثيمين رحمہ الله تعالى سے اس كے متعلق دريافت كيا گيا تو ان كا جواب تھا:

" اگر انسان غسل خانہ يا بيت الخلاء ميں ہو تو وہ دل ميں بسم الله پڑھے، اور زبان سے حروف كى ادائيگى نہ كرے، اور اگرايسا ہى ہے تو آپ اس پر عمل كريں، كيونكہ راجح قول كے مطابق بسم الله واجبات ميں نہيں بلكہ مستحبات ميں شامل ہوتى ہے، چنانچہ آپ ميں وسوسہ اور غفلت نہيں ہونى چاہيے.